Australian Government

Department of Home Affairs

# Information to be provided to a detainee about identification tests

# زیر حراست افراد کو شناختی ٹیسٹوں کے بارے میں دی جانے والی معلومات

Form
**1247i URD**
URDU

*The Migration Act 1958* (مائیگریشن ایکٹ) کے تحت ایک مجاز افسر امیگریشن کی حراست میں موجود غیر شہری سے مندرجہ ذیل میں سے ایک یا ایک سے زیادہ ذاتی شناختی تفصیلات مہیا کرنے کا تقاضا کر سکتا ہے:

- اس شخص کی انگلیوں یا ہاتھوں کے نشانات (جن میں کاغذ اور روشنائی کے استعمال سے یا ڈیجیٹل لائیو سکیننگ ٹیکنالوجی کے ذریعے لیے جانے والے نشانات شامل ہیں)؛
- اس شخص کے قد اور وزن کی پیمائش؛
- اس شخص کے چہرے اور کندھوں کی فوٹو یا کوئی اور عکس؛
- اس شخص کے دستخط؛
- کسی اور قسم کی ذاتی شناختی تفصیل جس کی وضاحت مائیگریشن ریگولیشنز 1994 میں کی گئ ہے۔

**نوٹ:** یہ طے کرنا مجاز افسر کے ہاتھ میں ہے کہ وہ غیر شہری سے کونسی ذاتی شناختی تفصیل یا تفصیلات مہیا کرنے کا تقاضا کرے گا۔

ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز (ڈیپارٹمنٹ) آپ کی شناخت طے کرنے کی غرض سے ذاتی شناختی تفصیلات طلب کرتا ہے۔

## ڈیپارٹمنٹ آپ کی شناختی تفصیل یا تفصیلات کیسے حاصل کرے گا؟

مائیگریشن ایکٹ کے تحت شناختی ٹیسٹ کو ظالمانہ، غیر انسانی یا توہین آمیز انداز میں انجام نہیں دیا جائے گا اور نہ ہی اس انداز میں جو کسی شخص کے ساتھ انسانیت اور انسانی وقار کے احترام کے برتاؤ کے منافی ہو۔

**شناخت کا ٹیسٹ اس طرح کیا جائے گا:**

- ٹیسٹ کرنے والا افسر مائیگریشن ایکٹ کے تحت شناختی ٹیسٹ کرنے کا مجاز ہو گا؛[1]
- مجاز افسر کی صنف وہی ہو گی جو آپ کی صنف ہے، اگر آپ نے اس کی درخواست کی ہو تو؛
- اگر آپ چاہیں تو ایک خودمختار شخص کی موجودگی میں شناخت کا ٹیسٹ ہو گا اور ایک خود مختار شخص اسی جگہ دستیاب ہو گا اور معقول وقت کے اندر ٹیسٹ کیلئے حاضر ہو جانے کیلئے رضامند ہو گا (لیکن اگر آپ نابالغ ہیں تو آپ کے والد، والدہ، سرپرست یا ایک خودمختار شخص کی موجودگی لازمی ہے)؛[2]
- ٹیسٹ ایک خود مختار شخص کی موجودگی میں ہوگا، اگر مناسب طاقت استعمال کی جا رہی ہے؛
- ٹیسٹ مناسب طور علیحدگی میں کیا جائے گا۔

جب مجاز افسر کے علاوہ کسی اور کی موجودگی ضروری ہو تو شناختی ٹیسٹ آپ کی مخالف صنف کے کسی شخص کی موجودگی میں یا آپ کو اس کی نگاہ میں رکھ کر نہیں کیا جائے گا، اگر آپ نے ایسی درخواست کی ہو اور اس درخواست کو ملحوظ رکھنا عملی لحاظ سے ممکن ہوا۔

**نیز:**

- ایک مجاز افسر بعض حالات میں شناختی ٹیسٹ کی وڈیو ریکارڈنگ کر سکتا ہے؛
- شناختی ٹیسٹ کرنے والا مجاز افسر کسی اور مجاز افسر یا افسر سے ٹیسٹ انجام دینے کیلئے مدد طلب کر سکتا ہے۔

## دوبارہ ٹیسٹ کرنا

ممکن ہے آپ کو ایک ہی موقع پر شناخت کی وہی تفصیل مہیا کرنے کیلئے ایک بار سے زیادہ مرتبہ کہا جائے جو آپ پہلے مہیا کر چکے ہوں کیونکہ پہلے مہیا کی گئ شناختی تفصیل استعمال کے قابل نہیں ہے، یا مجاز افسر شناختی تفصیل کے درست ہونے کے بارے میں مطمئن نہیں ہے ۔

ممکن ہے آپ کو ایک الگ موقع پر شناخت کی وہی تفصیل دوبارہ مہیا کرنے کیلئے کہا جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ٹیسٹ انجام دینے کے دوران، یا اس کے فورا بعد، ہمیشہ واضح نہیں ہو پاتا کہ شناختی تفصیل قابل استعمال نہیں ہے۔ ہو سکتا کہ مجاز افسر کیلئے ایک سینئر اجازت دہندہ افسر سے دوبارہ ٹیسٹ کرنے کی اجازت حاصل کرنا ضروری ہو۔

## مترجم تک رسائی

اگر ضرورت ہو تو مترجم (انٹرپریٹر) مہیا کیاجائے گا جو آپ کو شناختی ٹیسٹ کے سلسلے میں دی جانے والی معلومات سمجھنے میں مدد دے گا۔ ہو سکتا ہے مترجم کی خدمات فون کے ذریعےدلائی جائیں۔

## ڈیپارٹمنٹ ذاتی شناختی تفصیلات کیوں اکٹھی کرتا ہے؟

مائیگریشن ایکٹ اور مائیگریشن ریگولیشنز 1994 کے تحت ڈیپارٹمنٹ کو کئ مقاصد کیلئے ذاتی شناختی تفصیلات حاصل کرنے کی اجازت ہے جن میں مندرجہ ذیل مقاصد شامل ہیں، تاہم ان کے علاوہ دوسرے مقاصد بھی ہو سکتے ہیں:

- شناخت کا تعیّن اور شناخت کی تصدیق؛
- ویزا کی درخواستوں اور تحفظ کے دعووں کا فیصلہ کرنے کیلئے ڈیپارٹمنٹ کے معمولات کارروائی کو بہتر بنانا؛
- ان افراد کو شناخت کرنے کیلئے ڈیپارٹمنٹ کی اہلیت بڑھانا جو غیر شہری ہوں (آسٹریلیا کے شہری نہ ہوں) اور ماضی میں جرائم کا ارتکاب کر چکے ہوں یا جو ملکی تحفظ یا کردار کے حوالے سے تشویش کا باعث ہوں؛
- امیگریشن کے معاملات میں شناخت اور دستاویزات کے فراڈ کو روکنا؛
- تسلّی کرنا کہ پروٹیکشن (تحفظ) ویزا کی درخواست دینے والے یا سمندری راستے سے آسٹریلیا میں داخل ہونے والے افراد جو تحفظ حاصل کرنے کیلئے دعوے کرتے ہیں، آیا انہیں آسٹریلیا پہنچنے سے پہلے اپنے لیے تحفظ حاصل کرنے کا کافی موقع مل چکا تھا؛
- آسٹریلیا سے نکالے جانے والے اور ملک بدر کیے جانے والے افراد کے وطن میں حکومت کو ان کی شناخت سے مطمئن کرنا۔

## آپ کی ذاتیات کا تحفظ

ڈیپارٹمنٹ آپ کی ذاتیات کا احترام کرتا ہے۔ ڈیپارٹمنٹ کو علم ہے کہ آپ کے بارے میں معلومات کو جس طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے اور سنبھالا جاتا ہے، اس سے آپ کی زندگی پر اثر پڑ سکتا ہے۔ یہ اہم ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کے پاس جو معلومات ہوں، وہ درست، تازہ اور متعلقہ ہوں۔ یہ بھی اہم ہے کہ معلومات کو صرف اسی مقصد کیلئے استعمال کیا جائے جس مقصد سے معلومات اکٹھی کی گئ تھیں۔

ذاتی شناختی معلومات کو اکٹھا کرنے، ان تک رسائی حاصل کرنے، انہیں ذخیرہ کرنے اور انہیں افشا کرنے کیلئے حفاظتی اصول مقرّر ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ کے معمولات کی نگرانی کی جاتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ آپ کی ذاتی تفصیلات کو حفاظت سے اور بصیغۂراز رکھا جاتا ہے۔

## اخفاء کے بارے میں اہم معلومات

*Privacy Act 1988* (پرائیویسی ایکٹ) میں 13 آسٹریلین پرائیویسی کے اصول شامل ہیں جو طے کرتے ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ آپ کی نجی تفصیلات کیسے اکٹھی کرتا اور برتتا ہے۔ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے اپنے اہم فرائض کے لیے نجی تفصیلات کے حصول، استعمال اور افشاء کے طریقے کے متعلق معلومات فارم 1442i *Privacy notice* (پرائیویسی نوٹس) میں موجود ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ کے معلومات کو برتنے کے عمومی طریقوں کے متعلق معلومات (فارم 1442i سمیت) ڈیپارٹمنٹ کی پرائیویسی پالیسی میں مل سکتی ہیں جو یہاں دستیاب ہے
**https://www.homeaffairs.gov.au/access-and-accountability/our-commitments/privacy**


© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2021

## آپ کی ذاتی شناختی معلومات ڈیپارٹمنٹ کسے دے سکتا ہے؟

ڈیپارٹمنٹ کو اجازت ہے کہ آپ کی شناختی تفصیلات اور آپ کے نام سے متعلق معلومات اور دوسرے متعلقہ بائیوگرافکل ڈاٹا سے کئ قسم کے اداروں کو آگاہ کر سکے جن میں قانون نافذ کرنے والے ادارے، صحت کے ادارے اور دوسرے ادارے شامل ہیں جنہیں ڈیپارٹمنٹ سے آپ کی شناخت چیک کروانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ جب ڈیپارٹمنٹ آپ کی شناختی تفصیلات حاصل کرتا ہے تو وہ ڈیپارٹمنٹ کے پاس موجود آپ کے باضابطہ ریکارڈ کا حصہ بن جائیں گی۔

بین الاقوامی معاہدوں کی رو سے ڈیپارٹمنٹ کئ ممالک کےساتھ معلومات کے بین الاقوامی تبادلے میں شریک ہے۔ معلومات کے اس بین الاقوامی تبادلے میں شناختی تفصیلات کا تبادلہ بھی شامل ہو سکتا ہے جیسے چہرے کی تصویریں اور انگلیوں کے نشانات کی تفصیلات۔ مزید معلومات کے لیے ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ دیکھیں: **https://immi.homeaffairs.gov.au/help-support/meeting-our-requirements/biometrics**

ہمارے ڈیپارٹمنٹ جیسے امیگریشن کے اداروں نے اکٹھی کی ہوں۔ اگر، ملکوں کے درمیان اس تبادلے کی وجہ سے، آپ کی شناختی تفصیلات کہیں اور بھی پائی گئیں تو ڈیپارٹمنٹ آپ کے بائیوگرافکل ڈاٹا، سفری دستاویزات اور دوسری شناختی دستاویزات کی کاپیاں یا ان دستاویزات میں سے معلومات، امیگریشن کے حوالے سے آپ کی موجودہ حیثیت اور امیگریشن کی سابقہ تفصیلات (جن میں امیگریشن کا غلط استعمال اور جرائم شامل ہو سکتے ہیں) اور امیگریشن سے متعلقہ سابقہ جرائم کی تفصیلات کو افشا کر دے گا۔ ایسی معلومات کو افشا کرنے کا مقصد یہ ہو گا کہ آپ کی شناخت کی تصدیق میں مدد ملے اور طے ہو سکے کہ آیا آپ نے ڈیپارٹمنٹ اور دوسرے ادارے کو اپنی یہی شناخت اور یہی دعوے مہیا کیے ہیں۔

جن حالات میں آپ کی شناختی تفصیلات افشا کی جا سکتی ہیں، ان کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات کیلئے آپ کو فارم 1243i پڑھنا چاہیئے: *Your personal identifying information* (آپ کی ذاتی شناختی تفصیلات) جو ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ **https://immi.homeaffairs.gov.au/help-support/departmental-forms** سے دستیاب ہے۔

## مناسب طاقت کا استعمال

ایک مجاز افسر اس مقصد کیلئے مناسب طاقت کا استعمال کر سکتا ہے کہ شناختی ٹیسٹ کی انجام دہی ممکن بنائی جائے یا بعض شناختی تفصیلات یا کسی شناختی تفصیل سے اخذ کردہ کسی بھی بامعنی شناختی پہلو کو گم ہونے، ضائع ہونے یا آلودہ ہونے سے بچایا جا سکے۔

تاہم ان صورتوں میں طاقت استعمال نہیں کی جائے گی جب آپ 18سال سے کم عمر کے نابالغ شخص ہوں یا آپ نا اہل ہوں یا آپ سے شناختی تفصیل کے طور پر دستخط مہیا کرنے کا تقاضا کیا جا رہا ہو۔[3]

طاقت کا استعمال نہیں کیا جائے گا، سوائے ان صورتوں کے جب:

- آپ نے شناختی ٹیسٹ کی انجام دہی ممکن بنانے سے انکار کر دیا ہو؛
- شناختی ٹیسٹ کو طاقت استعمال کیے بغیر انجام دینے کے تمام معقول اقدامات ناکام ہو چکے ہوں؛ اور
- شناختی ٹیسٹ انجام دینے کیلئے ایک سینئراجازت دہندہ افسر نے طاقت کے استعمال کی اجازت دی ہو۔[4]

## آپ کے حقوق

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ نے آپ کی ذاتی تفصیلات ایسے طریقے سے برتی ہیں جن سے آسٹریلین پرائیویسی کے اصولوں کے تحت ہماری ذمہ داریوں کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو آپ اس طرح پرائیویسی کے متعلق شکایت کر سکتے ہیں: **https://www.homeaffairs.gov.au/help-and-support/departmental-forms/online-forms/complaints-compliments-and-suggestions** پر موجود آن لائن فارم مکمل کر کے

اس پتے پر خط لکھ کر:

Department of Home Affairs
GPO Box 241
Melbourne VIC 3001
Australia

آپ کی شکایت کی چھان بین کی جائے گی اور آپ کو نتیجے سے آگاہ کیا جائے گا۔ اگر آپ ڈیپارٹمنٹ کے جواب سے مطمئن نہ ہوں تو آپ آفس آف دی آسٹریلین انفارمیشن کمیشنر (OAIC) کو پرائیویسی کے متعلق شکایت دے سکتے ہیں۔ اس بارے میں معلومات OAIC کی ویب سائیٹ **https://www.oaic.gov.au/privacy/privacy-complaints/lodge-a-privacy-complaint-with-us/** پر دیکھیں کہ OAIC کو پرائیویسی کے متعلق شکایت دینے کا کیا طریقہ ہے اور OAIC پرائیویسی کے متعلق شکایات کی چھان بین اور حل کیسے کرتا ہے یا 992 363 1300 پر OAIC سے رابطہ کریں (پیر تا جمعہ، صبح 10 بجے سے شام 4 بجے AEST/AEDT)

یا آپ کامن ویلتھ اومبڈزمین کی ویب سائیٹ پر موجود آن لائن فارم استعمال کر کے کامن ویلتھ اومبڈزمین کو خط لکھ سکتے ہیں **www.ombudsman.gov.au/contact**

یا ہاٹ لائن پر مفت فون کریں - 072 362 1300

| | |
|---|---|
| **ہوم پیج:** | **www.homeaffairs.gov.au** |
| **عام سوالات کیلئے فون لائن** | آسٹریلیا میں دفتری اوقات کے دوران **131 881** پر فون کر کے آپریٹر سے بات کریں (دفتری اوقات کے علاوہ فون کرنے پر ٹیپ شدہ معلومات سنائی جاتی ہیں)۔ اگر آپ آسٹریلیا سے باہر ہوں تو براہ مہربانی اپنے قریب ترین آسٹریلین مشن سے رابطہ کریں۔ |

[1] مائگریشن ایکٹ ((s.5(1)) کی رو سے ایک ‹مجاز افسر› سے مراد وہ افسر ہے ‹جسے منسٹر یا سیکریٹری نے اس متعلقہ مقصدکیلئے تحریری اجازت دی ہے›۔ مائگریشن ایکٹ ((s.5(1)) کی رو سے ایک ‹افسر› کا مطلب ہے:

i ڈیپارٹمنٹ کا ایک افسر جسے منسٹر نے تحریری طور پر متعین نہیں کیا ہے؛ یا

ii ایک شخص، جو وہ شخص نہ ہو جسے منٹسر نے تحریری طور پر متعین کیا ہے، جو:

(a) *Customs Act 1901* (کسٹمز ایکٹ *1901*) کے مقاصد کیلئے ایک افسر ہو؛ یا

(b) *Australian Protective Service Act 1987* (آسٹریلین حفاظتی سروس ایکٹ *1987*) کے مقاصد کیلئے حفاظتی سروس کا افسر ہو؛

(c) آسٹریلین فیڈرل پولیس کا رکن ہو یا کسی سٹیٹ یا ٹیریٹری کی پولیس کا رکن ہو؛ یا

(d) کوئی دوسرا شخص جسے منسٹر نے تحریری طور پر اس ایکٹ کے مقاصد کیلئے افسر بننے کی اجازت دی ہو؛ یا

(e) افراد کے ایک گروہ میں سے کوئی دوسرا شخص جسے منسٹر نے مائگریشن ایکٹ کے مقاصد کیلئے افسران بننے کی تحریری اجازت دی ہو، ان میں وہ شخص بھی شامل ہے جو اجازت دیے جانے کے بعد اس گروہ میں شامل ہوا ہو۔

[2] مائگریشن ایکٹ ((s.5(1)) کی رو سے ایک ‹خود مختار شخص› سے مراد ‹وہ شخص (افسر یا مجاز افسر کے علاوہ) ہے جو:

(a) اس غیر شہری کے مفادات کی نمائندگی کرنے کے قابل ہو جو اپنی شناختی تفصیل مہیا کر رہا ہو یا کرنے والا ہو؛ اور

(b) جہاں تک عملی لحاظ سے ممکن ہو، اس غیر شہری کیلئے قابل قبول ہو جو اپنی شناختی تفصیل مہیا کر رہا ہو یا کرنے والا ہو؛ اور

(c) اگر غیر شہری نابالغ ہو تو – نابالغ فرد کے بہترین مفادات کی نمائندگی کرنے کے قابل ہو›۔

[3] مائیگریشن ایکٹ ((s.5(1)) کی رو سے ایک ‹نا اہل› شخص سے مراد وہ شخص ہے جو شناختی تفصیل مہیا کرنے کے تقاضے کی عام نوعیت اور نتیجہ اور مقاصد سمجھنے سے قاصر ہو۔

[4] مائیگریشن ایکٹ ((s.261AK(10)) کی رو سے ایک ‹سینئر اجازت دہندہ افسر› سے مراد ‹وہ افسر ہے جسے سیکریٹری نے سینئر اجازت دہندہ افسر کے فرائض ادا کرنے کی اجازت دی ہو، یا جو افسران کے اس گروہ میں شامل ہو جسے سیکریٹری نے یہ اجازت دی ہو›۔

© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2021